© rasailojaraid.com

# مسلمانوں کے لیے مشن

## عرب دنیا مقدس تعلیمات کے لیے تیار ہے۔

"عیسائیوں کو تاکید کی جاتی ہے کہ وہ کلامِ الٰہی کو پھیلانے کے لیے خلیج کے موجودہ بحران سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔"

"آپریشن موبلائزیشن نامی تنظیم کا کہنا ہے کہ اس علاقے میں ایک عظیم تبدیلی رونما ہورہی ہے۔ اردن میں روزانہ 60 سے 100 تک افراد عیسائی مذہب اختیار کر رہے ہیں۔"

"اردن کے دارالحکومت عمان کے گلی کوچوں میں عیسائی ہزاروں پناہ گزینوں کی دیکھ بھال میں مصروف ہیں۔ اور ان پر شہادت دے رہے ہیں۔ اس صورتِ حال کو عرب پریس نے نظر انداز نہیں کیا۔"

"اسی طرح علاقے میں ایک عرب مسیحی مبلغ کے کام کا یہ نتیجہ برآمد ہوا ہے کہ دو سال کے عرصے میں ایک چرچ کے ارکان کی تعداد تیس سے بڑھ کر چھ سو ہوگئی ہے۔" "مسلم شمالی افریقہ میں، صرف ایک نسلی گروہ میں، ایک اندازے کے مطابق حالیہ سالوں میں ہزاروں افراد نے عیسائی مذہب اختیار کرلیا ہے جبکہ اس رجحان میں مزید اضافے کا امکان ہے۔" "گذشتہ سال کتابوں کی ایک شہری نمائش میں "عہد نامہ جدید" سب سے زیادہ فروخت ہونے والی کتاب تھی۔

"عہد نامۂ جدید کی مانگ کے پیش نظر تنظیم آپریشن موبلائزیشن ایک عیسائی پبلشر کے تعاون سے "چشمہ ہائے صحرا" کے نام سے ایک منصوبے کا آغاز کررہی ہے۔ اسے توقع ہے کہ وہ عراق، اردن اور جزیرہ نمائے عرب کے طول و عرض میں تقسیم کے لیے عربی زبان میں عہد نامۂ جدید، تعلیماتِ مقدس اور اناجیل کے اڑھائی لاکھ نسخے چھاپ سکے گی۔ (رپورٹ: کرسچین ہیرالڈ)

## مشن

## پوپ کے خط میں متحدہ مشنری ذمہ داری کے لیے اپیل

"نجات دہندہ کا مشن" (REDEMPTORIS MISSIO) کے عنوان سے پوپ جان پال دوم کا مشنری انسائیکلیکل یعنی دنیا بھر میں پھیلے ہوئے ان کے کیتھولک پیروکاروں کے نام خط 22 جنوری 1991ء بروز منگل جاری کردیا گیا۔ ہولی سی (HOLY SEE) کے دفتر میں "اقوامِ عالم



© rasailojaraid.com